## از دفتر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، ساہیوال

# درخواستیں مطلوب ہیں

دفتر ہذا میں درج ذیل آسامیاں خالی ہیں جن کے تقرر کے لئے مندرجہ ذیل قابلیت کے حامل افراد سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

| نمبر شمار | نام آسامی | تعداد آسامی | ڈومیسائل | تعلیمی قابلیت | حد عمر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کمپیوٹر آپریٹر (BPS-15) | کل تعداد: 13<br>اوپن میرٹ: 10<br>15% خواتین کوٹہ: 2<br>5% اقلیتی کوٹہ: 1 | پنجاب | B.A + 4 Months training in Computer language/ BCS (2nd Division) | 20-28 |
| 2 | اکاؤنٹنٹ (BPS-15) | 01 | ساہیوال | Graduate from a recognized University preferably B.Com | 18-25 |
| 3 | جونیئر آڈیٹر (BPS-11) | 01 | ساہیوال | (i) 2nd Class Bachelor Degree in Computer Sciences from HEC recognized university.<br>(ii) Computer literate with typing speed of 30 words per minute. | 18-25 |
| 4 | اہلمد/ جونیئر کلرک 05 (BPS-11)<br>اسسٹنٹ ریکارڈ کیپر 02 (BPS-11)<br>02 Dispatch Clerk (BPS-11) | کل تعداد: 09<br>اوپن میرٹ: 04<br>20% کوٹہ حاضر سروس ملازمین بذریعہ ترقی: 2<br>01-05 اور جونیئر کلرک کے بچوں کیلئے: 2<br>15% خواتین کوٹہ: 1 | ساہیوال | (i) Higher Secondary School Certificate second division from a recognized Board/ Institute.<br>(ii) A speed of 25 words per minute of typing on computer in English.<br>(iii) Proficient in Microsoft Office or any other compatible office application and he shall demonstrate such proficiency. | 18-25 |
| 5 | فوٹو سٹیٹ مشین آپریٹر (BPS-05) | 01 | ساہیوال | Matriculation (Second Division) with one year Experience in relevant field. | 18-25 |
| 6 | الیکٹریشن (BPS-05) | 01 | ساہیوال | Matric, Having knowledge of job.<br>Preference shall be given to Diploma in Electrical Engineering. | 18-25 |
| 7 | کک (BPS-05) | 01 | ساہیوال | Primary / Middle Pass, well versed in cooking, preference will be given to an experienced hand candidate. | 20-35 |
| 8 | نائب قاصد (BPS-03) | کل تعداد: 11<br>اوپن میرٹ: 08<br>20% کوٹہ حاضر سروس ملازمین سکیل 01-04 کے بچوں کیلئے: 2<br>5% اقلیتی کوٹہ: 1 | ساہیوال | Middle | 18-25 |
| 9 | چوکیدار (BPS-03) | 01 | ساہیوال | Literate, healthy, preferably a retired Army serviceman. | 25-45 |
| 10 | مالی (BPS-03) | 02 | ساہیوال | Literate, having knowledge of Gardening. | 18-25 |
| 11 | خاکروب (BPS-03) | 01 | ساہیوال | Literate having knowledge of the job. | 18-25 |

### ضروری ہدایات

☆ آسامی سیریل نمبر 04 سے 20% کوٹہ برائے حاضر سروس ملازمین بذریعہ پروموشن (سکیل 01 تا 09) کے لئے بشرطیکہ دیگر شرائط پوری کرتا ہو۔
☆ آسامی سیریل نمبر 04 کا 20% کوٹہ برائے حاضر ریٹائرڈ ملازمین (سکیل 01 تا 11) کے بچوں کیلئے مختص ہے۔
☆ جبکہ آسامی سیریل نمبر 06 کا 20% کوٹہ برائے حاضر ریٹائرڈ ملازمین (سکیل 01 تا 04) کے بچوں کیلئے مختص ہے۔
☆ جو امیدوار 20% کوٹہ برائے حاضر/ ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کیلئے مختص آسامیاں ہیں وہ اسی آسامی پر درخواست دے اور اس پر لازم ہے کہ وہ اپنی درخواست کے ساتھ اپنے والد کا سروس کارڈ لف کرے۔ درخواست کے عنوان/ موضوع میں واضح طور پر تحریر کرنا ہوگا کہ اس نے 20% کوٹہ کے تحت ملازمت کی درخواست گزاری ہے۔ نیز والد کی طرف سے بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر دینا ہوگا کہ اس کے کسی بچے نے ٹیبل ازیں 20% ملازمین کے بچوں کے کوٹہ کا فائدہ نہ اٹھایا ہے۔ اگر والد حیات نہ ہے تو والدہ کی طرف سے بیان حلفی دے گا۔

### قواعد و ضوابط

1- آسامی سیریل نمبر 01 تا 04 کی بھرتی بذریعہ CTS ہوگی اور ان کے درخواست فارم اور آن لائن ڈیپازٹ سلپس، CTS کی ویب سائٹ www.ctspak.com پر دستیاب ہوں گے جبکہ آسامی سیریل نمبر 05 تا 11 کے درخواست فارم District Courts Sahiwal کی ویب سائٹ پر دستیاب ہوں گے اور ان کی درخواستیں بذریعہ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ساہیوال کے پتہ پر وصول کریں۔ مکمل پتہ درج نہ کی صورت میں درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔
2- آسامی سیریل نمبر 01 تا 04 کے تمام امیدواران بشمول امیدواران تمام کوٹہ جات درخواست کے ساتھ مبلغ -/400 روپے فیس بمعہ CTS آن لائن ڈیپازٹ سلپ کے ذریعے Bank Islami, MCB, UBL, Bank Alfalah کی کسی بھی برانچ میں جمع کروائیں۔ یہ درخواستیں براہ راست سنٹرل ٹیسٹنگ سروس کے پتہ "آفس نمبر 414، 'سیکنڈ فلور، جیف ہائٹس، مین بلیوارڈ گلبرگ III، لاہور Office No.414, Floor, Jeff Heights, Main Boulevard Gulberg-III, Lahore" مورخہ 15-02-2021 تک بذریعہ رجسٹرڈ پوسٹ پہنچ جانی چاہئے۔ تاخیر کے ذمہ دار کوئے پر آسامی کا مسترد تصور کیا جائے گا (واضح طور پر تحریر ہونا چاہئے)۔
3- آسامی (سیریل نمبر 01 تا 04) کی شارٹ لسٹنگ ساہیوال کو براہ راست ارسال کی جانے والی درخواستیں زیر غور نہ لائی جائیں گی۔
4- CTS ٹیسٹ کے بعد صرف شارٹ لسٹ امیدواران کو ٹیسٹ و انٹرویو کیلئے بلایا جائے گا۔
5- آسامی (سیریل نمبر 01 تا 04) کسی بھی قسم کے اعتراض یا معلومات کے لئے سنٹرل ٹیسٹنگ سروس کے ای میل query@ctspak.com پر ای میل کریں یا فون نمبر 042-35755548 اور موبائل نمبر 0300-0532200 پر رابطہ کریں جبکہ آسامی (سیریل نمبر 05 تا 11) کسی بھی قسم کے اعتراض و معلومات کیلئے دفتر ہذا سے رابطہ کریں۔
6- آسامی (سیریل نمبر 01 تا 04) کے لئے صرف اہل امیدواران کا تحریری امتحان ضلع ساہیوال میں لیا جائے گا۔ وقت تاریخ اور جگہ کی اطلاع نمبر سلپ دی جائے گی جو کہ CTS کی طرف سے جاری ہوگی نیز رول نمبر سلپ موصول نہ ہونے کی صورت میں CTS کی ویب سائٹ سے بھی چیک کی جا سکتی ہے جبکہ آسامی (سیریل نمبر 05 تا 11) کے ٹیسٹ/ انٹرویو کی تاریخ اور جگہ کی اطلاع ڈسٹرکٹ کورٹس ساہیوال کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کی جائے گی اور نوٹس بورڈ پر بھی چسپاں کی جائے گی۔
7- مندرجہ بالا آسامی میں سے 15% کوٹہ خواتین 05% کوٹہ برائے اقلیت (غیر مسلم) اور 03% کوٹہ برائے معذور افراد کیلئے مختص ہے۔ امیدوار مختص سیٹوں پر درخواست دینا چاہے تو الگ الگ درخواست دے گا۔
8- کوٹہ جات کے معیار پر پورا نہ اترنے والی آسامیاں اوپن میرٹ پر پُر کی جائیں گی۔
9- تمام امیدواران کو گورنمنٹ آف پنجاب اور لاہور ہائیکورٹ لاہور کی پالیسی کے مطابق عمر کی بالائی حد میں 5 سال مرد امیدواران اور خواتین کیلئے 8 سال اور معذور امیدواران کیلئے 10 سال تک کی رعایت (ایسے حالات جو انسانی کنٹرول سے باہر ہوں) دی جا سکتی ہے جس کا فیصلہ امیدوار درخواست میں کرے گا۔ تاہم اس سلسلہ میں حتمی فیصلہ بورڈ انتخابی کا ہوگا۔
10- امیدواران کیلئے لازم ہے کہ اپنے ایکٹیو موبائل فون نمبر جس پر SMS اور Whatsapp کی سروس ہو ضرور لکھیں۔
11- سرکاری یا نیم سرکاری اداروں/ محکموں سے درخواستیں دینے کے خواہشمند حضرات اپنے اداروں کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں یا NOC

---

## ورچوئل یونیورسٹی اور سول سروسز اکیڈمی کے درمیان معاہدہ

لاہور (اپنے سٹاف رپورٹر سے) سی ایس ایس آفیسرز کی ٹریننگ کیلئے ورچوئل یونیورسٹی اور سول سروسز اکیڈمی کے درمیان معاہدہ ہو گیا۔ ڈی جی سول سروسز اکیڈمی ڈاکٹر ساجد یوسفانی، ذوالفقار یونس اور سید شبیرا کبر زیدی پر مشتمل تین رکنی وفد نے مفاہمتی یادداشت پہ دستخط کرنے کیلئے ورچوئل یونیورسٹی کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا۔ ڈاکٹر ساجد یوسفانی اور ریکٹر ورچوئل یونیورسٹی فیم طارق نے معاہدے پر دستخط کئے۔

ورچوئل یونیورسٹی اور سول سروسز اکیڈمی کے درمیان معاہدے کے بعد ڈی جی ساجد یوسفانی، ریکٹر فیم طارق اور دیگر کا گروپ فوٹو

## ایم بی بی ایس، بی ڈی ایس کی 300 سیٹیں کم ہونیکا خدشہ

لاہور (نمائندہ رپورٹر) رواں سال سرکاری میڈیکل کالجز میں ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس کی سیٹوں پر داخلوں کیلئے 300 سیٹیں کم ہونے کا خدشہ ظاہر کیا گیا۔ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کی جانب سے پی ایم ڈی سی کو سیٹیں بڑھانے کا مراسلہ لکھ دیا گیا۔ مراسلے کے مطابق پاکستان میڈیکل کمیشن کی چھپیلی الاٹمنٹ کے مطابق ایم بی بی ایس کی 3138 اور بی ڈی ایس کی 281 سوسیٹیں مختص تھیں، پچھلی الاٹمنٹ کے مطابق ایم بی بی ایس کی 3138 اور بی ڈی ایس کی 281 اور بی ڈی ایس کی 19 سیٹیں کم ہو گئیں۔

## ٹک ٹاک ایپ کو بند کرنے کی درخواست شیڈول کے مطابق پیش کرنیکی ہدایت

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ٹک ٹاک ایپ کی بندش کیلئے درخواست کو شیڈول کے مطابق ساعت کیلئے پیش کرنے کی ہدایت کر دی ہے، لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد وحید نے ٹک ٹاک ایپ کو بند کرنے کی درخواست پر جلد سماعت کیلئے درخواست کی ساعت کی۔ مدعی کے وکیل نے بتایا کہ ٹک ٹاک کے بارے میں درخواست پر جلد سماعت ہے، اس کی جلد ساعت کا حکم دیا جائے۔ درخواست میں بتایا گیا کہ ٹک ٹاک ایپ پر اخلاقی سرگرمیاں بڑھ رہی ہیں۔ پی ٹی اے کوئی کارروائی نہیں کی۔

## پانی چوری بڑھ گئی، محکمہ آبپاشی روکنے میں ناکام

## 2019ء 20 ہزار 43، 2020ء میں 29380 مقدمات

## پانی چوروں کے خلاف شکنجہ تنگ کیا جا رہا ہے: ترجمان محکمہ آبپاشی

لاہور (رانا فہد امین سے) سال 2019 کی نسبت سال 2020 میں پانی چوری کے واقعات میں اضافہ سامنے آیا، محکمہ آبپاشی پنجاب کے اعداد و شمار کے مطابق سال 2020 میں 29 ہزار 380 کیسز رپورٹ ہوئے، ذرائع کا کہنا ہے کہ پانی چوری پر قابو نہ پانے کی بڑی وجہ محکمہ کے ملازمین کی ملی بھگت اور پولیس کا عدم تعاون ہے، 2018 میں پانی چوری کے کل پچیس ہزار سات سو نوے واقعات ہوئے۔ گزشتہ سال 2019 میں 20 ہزار 43 اور گزشتہ سال سال 29 ہزار 380 واقعات رپورٹ ہوئے، محکمہ آبپاشی پنجاب کی جانب سے 11 ہزار 74 ترمیم شدہ مقدمات اصل حالت پر بحال کئے گئے جبکہ پانی چوری کے 16 ہزار 168 واقعات پولیس کو رپورٹ کئے گئے، جن میں سے 3 ہزار 27 مقدمات ہی درج ہو سکے۔ ترجمان آبپاشی کا کہنا ہے کہ محکمہ کی جانب سے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے کہ پانی چوری کے خلاف شکنجہ تنگ کیا جا رہا ہے، محکمہ جتنے بھی پانی چوری کرتے پکڑتا ہے، ان کے خلاف مقدمہ کی درخواست دے دی جاتی ہے۔

## سی ای او میو ہسپتال پروفیسر اسد اسلم کو 3 سال کی توسیع دیدی گئی

لاہور (نمائندہ رپورٹر) کورونا وائرس کے دوران بہترین خدمات انجام دینے پر محکمہ صحت نے سی ای او میو ہسپتال پروفیسر اسد اسلم کو تین سال کی توسیع دے دی، وہ پروائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی اور پروفیسر آف اوتھلمالوجی بھی اپنی خدمات جاری رکھیں گے۔

## سابق فوجیوں کی پولیس میں ملازمت پر مستقلی، بینچ کا سماعت سے انکار

لاہور (کورٹ رپورٹر) ہائیکورٹ میں فوجیوں کی پولیس میں ملازمت پر مستقلی کی درخواست کی سماعت ہوئی، چیف جسٹس قاسم خان نے کیا جسٹس علی باقر نجفی بھی ان درخواستوں پر سماعت کرتے ہیں، تو پھر یہ بینچ ان اپیلوں پر سماعت نہیں کرے گا، بینچ نے اپیلوں پر سماعت سے معذرت کر لی۔


## اطلاع عام

بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مکان نمبر A-68 بلاک A نمبر شپ نمبر 3718 رقبہ 15 مرلہ واقع IPIA ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لاہور کا مالک سید صادر علی زیدی ولد سید راشد علی زیدی اپنے مکان صائمہ تبسم زوجہ علی حسن فرخ کو فروخت کر رہا ہے۔ اس ضمن میں کسی شخص ادارے تنظیم یا کسی کو اعتراض ہو تو اندر میعاد 15 یوم رابطہ کرے بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ

ایڈریس: صدر پی آئی اے ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، لاہور
فون نمبر: 042-35181198

## اطلاع عام

بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مکان نمبر 226 بلاک D نمبر شپ نمبر 2152 رقبہ 12 مرلہ واقع IPIA ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لاہور کی ۶۔ نوریہ گل زوجہ محمد اعجاز اور شریں پروین دختر غلام رسول دونوں بہنیں مشترکہ مالک ہیں۔ ان میں شریں پروین حصہ 6 مرلے بھی اپنی بہن فوزیہ گل کو ٹرانسفر کر رہی ہیں۔ اس ضمن میں کسی شخص ادارے تنظیم یا کسی کو اعتراض ہو تو اندر میعاد 15 یوم رابطہ کرے بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ